احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 22۔اگست 2008ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 22ر اگست 2008ء 19 شعبان 1429 ہجری 22 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 192

سورۃ فاتحہ لازمی ہے

حضرت عبادہ بن صامتؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے نماز میں سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی اس کی نماز نہیں ہوئی۔

(صحیح مسلم کتاب الاذان باب وجوب القراءۃ للامام حدیث نمبر:714)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف پر تدبر کرو اس میں سب کچھ ہے۔ نیکیوں اور بدیوں کی تفصیل ہے۔ اور آئندہ زمانے کی خبریں ہیں وغیرہ۔ بخوبی سمجھ لو کہ یہ وہ مذہب پیش کرتا ہے جس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کے برکات اور ثمرات تازہ بہ تازہ ملتے ہیں۔ انجیل میں مذہب کو کامل طور پر بیان نہیں کیا گیا۔ اس کی تعلیم اس زمانے کے حسب حال ہو تو ہو لیکن وہ ہمیشہ اور ہر حالت کے موافق ہرگز نہیں۔ یہ فخر قرآن مجید ہی کو ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں ہر مرض کا علاج بتایا ہے اور تمام قویٰ کی تربیت فرمائی ہے۔ اور جو بدی ظاہر کی ہے اس کے دور کرنے کا طریق بھی بتایا ہے۔ اس لئے قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو اور دعا کرتے رہو اور اپنے چال چلن کو اس کی تعلیم کے ماتحت رکھنے کی کوشش کرو۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 102)

قرآن شریف کو پڑھو اور خدا سے کبھی ناامید نہ ہو۔ مومن خدا سے کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ یہ کافروں کی عادت میں داخل ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے مایوس ہو جاتے ہیں۔ ہمارا خدا علی کل شی قدیر خدا ہے۔ قرآن شریف کا ترجمہ بھی پڑھو اور نمازوں کو سنوار سنوار کر پڑھو اور اس کا مطلب بھی سمجھو۔ اپنی زبان میں بھی دعائیں کر لو۔ قرآن شریف کو ایک معمولی کتاب سمجھ کر نہ پڑھو بلکہ اس کو خدا تعالیٰ کا کلام سمجھ کر پڑھو۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 191)

قرآن شریف اپنی روحانی خاصیت اور اپنی ذاتی روشنی سے اپنے سچے پیرو کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ اور اس کے دل کو منور کرتا ہے اور پھر بڑے بڑے نشان دکھلا کر خدا سے ایسے تعلقات مستحکم بخش دیتا ہے کہ وہ ایسی تلوار سے بھی ٹوٹ نہیں سکتے جو ٹکڑا ٹکڑا کرنا چاہتی ہے۔ وہ دل کی آنکھ کھولتا ہے اور گناہ کے گندے چشمہ کو بند کرتا ہے۔ اور خدا کے لذیذ مکالمہ مخاطبہ سے شرف بخشتا ہے اور علوم غیب عطا فرماتا ہے اور دعا قبول کرنے پر اپنے کلام سے اطلاع دیتا ہے۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 308)

میں بار بار کہتا ہوں اور بلند آواز سے کہتا ہوں کہ قرآن اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت رکھنا اور سچی تابعداری اختیار کرنا انسان کو صاحب کرامات بنا دیتا ہے۔

(ضمیمہ انجام آتھم۔ روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 345)

جلسہ سالانہ جرمنی 2008ء میں حضور انور کے خطابات

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعتہائے احمدیہ جرمنی کا جلسہ سالانہ مورخہ 22 تا 24ر اگست 2008ء کو منعقد ہو رہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس اس جلسہ میں رونق افروز ہو گئے اس موقع پر حضور انور کے خطبہ جمعہ و دیگر خطابات کی تفصیل پاکستانی وقت کے مطابق حسب ذیل ہے۔

22ر اگست پرچم کشائی 5:50 بجے سہ پہر
22ر اگست خطبہ جمعہ حضور انور 6:00 بجے سہ پہر
23ر اگست حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خواتین سے خطاب 4:00 بجے سہ پہر
24ر اگست اختتامی خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 9:00 بجے رات

حسب پروگرام احباب استفادہ فرمائیں۔

ٹیچرز ٹریننگ کلاس

نظارت تعلیم القرآن کے تحت 49ویں قرآنی ٹیچرز ٹریننگ کلاس ربوہ میں یکم تا 10 ستمبر 2008ء منعقد کی جا رہی ہے۔ اس کلاس میں طلباء کو قرآن کریم صحت تلفظ کی خصوصی ٹریننگ کے ساتھ، عربی گرائمر لفظی ترجمہ بھی سکھایا جائے گا۔ تمام اضلاع کے امراء کرام اور سیکرٹریان تعلیم القرآن سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے ضلع سے اس کلاس کے لئے کم از کم دو ایسے نمائندگان ضرور بھجوائیں جو قرآن کریم ناظرہ جانتے ہوں اور واپس جا کر سکھانے کے لئے تیار ہوں۔ کلاس کے طلباء ٹریننگ کے بعد اپنی اپنی جماعت میں احباب کو قرآن کریم ناظرہ اور باترجمہ سکھانے اور مزید اساتذہ تیار کرنے کا کام کریں گے۔ کلاس میں شرکت کرنے والے طلباء امیر صاحب ضلع یا صدر جماعت کا تصدیقی خط اپنے ہمراہ ضرور لائیں اس کے بغیر کلاس میں شرکت ممکن نہ ہوگی۔ آنے والے طلباء کلاس کا ضروری سامان مثلاً سادہ قرآن کریم، نوٹ بک اور قلم وغیرہ ہمراہ ضرور لائیں۔

(نظارت اصلاح وارشاد۔ تعلیم القرآن و وقف عارضی)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 497

کارخانہ عالم کا حقیقی آفتاب معارف الٰہیہ سے لبریز باریک فلسفہ

حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے قلم مبارک سے۔

آپ آیت رفع بعضھم درجات (البقرہ:254) کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔

اس جگہ صاحب درجات رفیعہ سے ہمارے نبی ﷺ مراد ہیں جن کو ظلی طور پر انتہائی درجہ کے کمالات جو کمالات الوہیت کے اظلال وآثار ہیں بخشے گئے ہیں اور وہ خلافت حقہ جس کے وجود کامل کے تحقق کے لئے سلسلہ بنی آدم کا قیام بلکہ ایجاد کل کائنات کا ہوا ہے۔ آنحضرت ﷺ کے وجود باجود سے اپنے مرتبۂ اتم واکمل میں ظہور پذیر ہوکر آئینہ خدانما ہوئے۔ یہ بحث معارف الٰہیہ میں سے نہایت باریک بحث ہے اور ہمارے مخالفین جو ان نازک نکات عرفانی سے بیگانہ اور اس کوچہ اسرار الوہیت سے ناآشنا محض ہیں وہ تعجب کریں گے کہ کیونکر کروڑہا اور بے شمار مخلوقات میں سے صرف ایک ہی شخص کو مرتبہ کاملہ خلافت تامہ حقہ کا جو ظل مرتبہ الوہیت ہی حاصل ہوسکتا ہے سو اگرچہ اس بحث کے طول دینے کا یہ موقع نہیں ہے لیکن تاہم اس قدر بیان کر دینا طالب حق کے سمجھانے کے لئے ضروری ہے کہ عادت اللہ یا تم یوں ہی سمجھ لو کہ اس کا قانون قدرت جو اس کی صفت وحدت کے مناسب حال ہے یہی ہے کہ وہ بوجہ واحد ہونے کے اپنے افعال خالقیت میں رعائیت وحدت کو دوست رکھتا ہے۔ جو کچھ اس نے پیدا کیا ہے اگر ہم اس سب کی طرف نظر غور سے دیکھیں تو اس ساری مخلوقات کو جو اس دست قدرت سے صادر ہوئی ہے ایک ایسے سلسلہ وحدانی اور باترتیب میں منسلک پائیں گے کہ گویا وہ ایک خط مستقیم ممتد محدود ہے جس کی دونوں طرفوں میں سے ایک طرف ارتفاع اور دوسری طرف انحصاض ہے اس طرح پر اس قدر بیان میں تو ایک موٹی سمجھ کا آدمی بھی میرے ساتھ اتفاق رائے کرسکتا ہے کہ انسان اشرف المخلوقات ہے اور دائرہ انسانیت میں بہت سی متفاوت اور کم وبیش استعدادیں پائی جاتی ہیں کہ اگر کمی بیشی کے لحاظ سے ان کو ایک باترتیب سلسلہ میں مرتب کریں تو بلاشبہ اس سے ایک اسی خط مستقیم ممتد محدود کی صورت نکل آئے گی جو اوپر ثبت کیا گیا ہے۔ طرف ارتفاع کے اخیر نکتہ پر اس استعداد کا انسان ہوگا جو اپنی استعداد انسانی میں سب نوع انسان سے بڑھ کر ہے اور طرف انحصاض میں وہ ناقص الاستعداد روح ہوگئی جو اپنے غایت درجہ کے نقصان کی وجہ سے حیوانات لایعقل کے قریب قریب ہے اور اگر سلسلہ جمادی کی طرف نظر ڈال کر دیکھیں تو اس قاعدہ کو اور بھی اس سے تائید پہنچتی ہے کیونکہ خدائے تعالیٰ نے چھوٹے سے چھوٹے جسم سے جو ایک ذرہ ہے لے کر ایک بڑے سے بڑے جسم تک جو آفتاب ہے اپنی صفت خالقیت کو تمام کیا ہے اور بلاشبہ خدائے تعالیٰ نے اس جمادی سلسلہ میں آفتاب کو ایک ایسا عظیم الشان اور نافع اور ذی برکت وجود پیدا کیا ہے کہ طرف ارتفاع میں اس کے برابر کوئی دوسرا ایسا وجود نہیں ہے سو اس سلسلہ کے ارتفاع اور انحصاض پر نظر ڈال کر جو ہر وقت ہماری آنکھوں کے سامنے ہے روحانی سلسلہ جو اسی ہاتھ سے نکلا ہے اور اسی عادت اللہ سے ظہور پذیر ہوا ہے خود بلاتامل سمجھ میں آتا ہے کہ وہ بھی بلاتفاوت اسی طرح واقعہ ہے اور یہی ارتفاع اور انحصاض اس میں بھی موجود ہے کیونکہ خدائے تعالیٰ کے کام یک رنگ اور یکساں ہیں اس لئے کہ وہ واحد ہے اور اپنے راصدا افعال میں وحدت کو دوست رکھتا ہے پریشانی اور اختلاف اس کے کاموں میں راہ نہیں پاسکتا اور خود یہ کیا ہی پیارا اور موزوں طریق معلوم ہوتا ہے کہ خدائے تعالیٰ کے کام باقاعدہ اور ایک ترتیب سے مرتب اور ایک سلک میں منسلک ہوں۔

اب جب کہ ہم نے ہر طرح سے ثبوت پاکر بلکہ بہ ہدایت دیکھ کر خدائے تعالیٰ کے اس قانون قدرت کو مان لیا کہ اس کے تمام کام کیا روحانی اور کیا جسمانی پریشان اور مختلف طور پر نہیں ہیں جن میں یوں ہی گڑبڑ پڑا ہو بلکہ ایک حکیمانہ ترتیب سے مرتب اور ایک ایسے باقاعدہ سلسلہ میں بندھے ہوئے ہیں جو ایک ادنیٰ درجہ سے شروع ہوکر انتہائی درجہ تک پہنچتا ہے اور یہی طریق وحدت اسے محبوب بھی ہے تو اس قانون قدرت کے ماننے سے ہمیں یہ بھی ماننا پڑا کہ جیسے خدائے تعالیٰ نے جمادی سلسلہ میں ایک ذرہ سے لے کر اس وجود اعظم تک یعنی آفتاب تک نوبت پہنچائی ہے جو ظاہری کمالات کا جامع ہے جس سے بڑھ کر اور کوئی جسم جمادی نہیں ایسا ہی روحانی آفتاب بھی کوئی ہوگا جس کا وجود خط مستقیم مثالی میں ارتفاع کے اخیر نقطہ پر واقع ہو اب تفتیش اس بات کی کہ وہ انسان کامل جس کو روحانی آفتاب سے تعبیر کیا گیا ہے وہ کون ہے اور اس کا کیا نام ہے یہ ایسا کام نہیں ہے جس کا تصفیہ مجرد عقل سے ایسا کام کرسکتا ہے کہ خدائے تعالیٰ کے کروڑہا اور بے شمار بندوں کو نظر کے سامنے رکھ کر اور ان کی روحانی طاقتوں اور قوتوں کا موازنہ کرکے سب سے بڑے کو الگ کرکے دکھلاوے بلاشبہ عقلی طور پر کسی کو اس جگہ دم مارنے کی جگہ نہیں ہاں ایسے بلند اور عمیق دریافت کے لئے کتب الہامی ذریعہ ہیں جن میں خود خدائے تعالیٰ نے پیش از ظہور بلکہ ہزارہا برس پہلے اس انسان کامل کا پتہ ونشان بیان کردیا ہے پس جس شخص کے دل کو خدائے تعالیٰ اپنی توفیق خاص سے اس طرف ہدایت دے گا کہ وہ الہام اور وحی پر ایمان لاوے اور ان پیش گوئیوں پر غور کرے کہ بائبل میں درج ہیں تو اسے ضرور ماننا پڑے گا کہ وہ انسان کامل جو آفتاب روحانی ہے جس سے نقطہ ارتفاع کا پورا ہوا ہے اور جو دیوار نبوت کی آخری اینٹ ہے وہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔"

(سرمہ چشم آریہ۔ روحانی خزائن جلد2 ص234 تا246)

مکرم منظور احمد صاحب صدر جماعت

کھاریاں میں خلافت جوبلی پروگرام

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 1908ء تا 2008ء کے بابرکت موقع پر جماعت احمدیہ کھاریاں ضلع گجرات کو محض خدا تعالیٰ کے فضل سے درج ذیل پروگراموں کے انعقاد کی توفیق عطاء ہوئی۔

ان پروگراموں کیلئے انصار، خدام، اطفال اور لجنات نے بیت الحمد کھاریاں میں وقار عمل کئے۔ جھنڈیوں، قمقموں اور بینرز سے سجایا۔ بجلی کی عدم فراہمی کی صورت میں جنریٹر مکرم چوہدری فضل علی صاحب نے بطور عطیہ دیا۔ مورخہ 27 مئی کو نماز تہجد ادا کی گئی۔ نماز فجر کے بعد خلافت کی اہمیت وبرکات کے موضوع پر درس ہوا۔ اجتماعی قربانی کی گئی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب براہ راست سننے کے لئے مرد وزن بیت الحمد میں اکٹھے ہوئے۔ تمام احباب نے کھڑے ہوکر عہد دہرایا دعا کے بعد سب احباب کو مٹھائی تقسیم کی گئی اور رات کا کھانا بھی پیش کیا گیا۔ اس دن حاضری 500 افراد تھی۔

اس سے قبل مورخہ 18 تا 26 مئی کو خدام و اطفال کا الگ الگ بیڈمنٹن کا ٹورنامنٹ منعقد کیا گیا۔

مورخہ یکم جون 2008ء کو تحصیل کھاریاں کا جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں مہمان خصوصی تھے۔ تلاوت ونظم کے بعد محترم مہمان خصوصی نے افتتاحی خطاب میں اطاعت خلافت کی اہمیت کے موضوع پر روشنی ڈالی۔ ازاں بعد مکرم عبدالباسط صاحب نے برکات خلافت، مکرم افضل طاہر صاحب نے خلیفہ خدا بناتا ہے، مکرم دانیال عزیز صاحب نے خلافت احمدیہ، مکرم مقصود احمد صاحب نے خلافت اک عافیت کا حصار، مکرم حمید احمد صاحب نے خلافت اور ہماری ذمہ داریاں، مکرم خالد محمود احمد صاحب مربی سلسلہ نے خلافت اور ہماری ذمہ داریاں، مکرم حافظ جواد احمد صاحب مربی سلسلہ نے اطاعت خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ آخر میں مکرم امیر صاحب حلقہ کھاریاں نے اختتامی کلمات کہے اور دعا کے ساتھ یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔ اس جلسہ میں 16 جماعتوں کے 1236 افراد نے شرکت کی۔ تمام مہمانوں کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

مورخہ 25 جون 2008ء کو لجنہ اماء اللہ کھاریاں نے جلسہ خلافت جوبلی زیر صدارت محترمہ نظیر بیگم صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ ضلع گجرات منعقد کیا۔ لجنہ وناصرات کے تقریری مقابلے ہوئے۔ بعض لجنات نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ آخر پر محترمہ صدر صاحبہ نے اطاعت امام کے موضوع پر خطاب کیا۔ اس پروگرام میں 650 لجنات شامل ہوئیں۔ تمام مہمانات کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

خلافت جوبلی کے مختلف پروگراموں میں جن احباب جماعت کو ڈیوٹیاں دینے کی سعادت ملی۔ مورخہ 7 جون 2008ء کو ان تمام کارکنان کی خدمت میں ایک ریفریشمنٹ کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ خاکسار نے ان کی خدمات کو سراہا اور دعا کے بعد ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔ اللہ تعالیٰ ہماری خدمات کو قبول فرماتے ہوئے مقبول خدمات کی توفیق عطا فرمائے اور ہم سب کو ہمیشہ خلافت سے وابستہ رکھے۔ آمین

رزلٹ میٹرک سال 2008ء

(نصرت جہاں اکیڈمی گرلز سکول ربوہ)

امسال نصرت جہاں اکیڈمی گرلز سکول ربوہ کی 45 طالبات میٹرک کے امتحان میں شامل ہوئیں۔ دو طالبات امتحان میں Appear نہیں ہوسکیں۔ باقی طالبات کا رزلٹ یوں رہا۔ 26 طالبات نے A+ گریڈ 15 طالبات نے A گریڈ اور 2 طالبات نے B گریڈ حاصل کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ کامیابی ان سب کیلئے مبارک فرمائے۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی گرلز سکول ربوہ)

ہر احمدی کو چاہئے کہ وہ اپنے نفس کو بھی اور اپنے بھائی کو بھی یہ تلقین کرے کہ وہ وقف عارضی میں شامل ہو

(حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی پاکیزہ سیرت و سوانح کے روشن نقوش

بچپن کے مشاغل، حصول تعلیم، شادی اور اولاد اور حضرت اماں جان کی آغوش میں پرورش

مکرم انصار احمد نذر صاحب

(قسط اول)

محبوب آقا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے مسند خلافت پر متمکن ہونے کے بعد اپنے پہلے خطبہ جمعہ فرمودہ 11 جون 1982ء سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا رقت بھرے لہجے میں ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

''حضور کی یاد دل سے محو ہونے والی یاد نہیں اس کے تذکرے انشاء اللہ جاری رہیں گے۔ آخری بیماری کا ایک واقعہ آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ وفات سے غالباً ایک یا دو دن پہلے آپا طاہرہ کو حضور نے فرمایا گزشتہ چار دنوں میں میری اپنے رب سے بہت باتیں ہوئیں۔ میں نے اپنے رب سے عرض کیا کہ اے میرے اللہ اگر تو مجھے بلانے میں ہی راضی ہے تو میں راضی ہوں مجھے کوئی تردد نہیں میں ہر وقت تیرے حضور حاضر بیٹھا ہوں۔ لیکن اگر تیری رضا مجھے اجازت دے تو جو کام میں نے شروع کر رکھے ہیں ان کی تکمیل اپنی آنکھوں سے دیکھ لوں۔ تو یہ تیری عطا ہے۔ خدا کی تقدیر جس طرح راضی تھی اور جس طرح آپ نے سر تسلیم خم کیا آج ساری جماعت اسی تقدیر کے حضور سر تسلیم خم کر رہی ہے۔ اللہ ہمارے صبر اور ہماری رضا میں اور بھی برکت دے اور ہمیشہ ہر حال میں اپنے رب سے راضی رہنا سیکھ لیں۔''

(الفضل۔ 22 جون 1982ء)

10 جون 1982ء کو منصب خلافت پر متمکن ہونے کے معاً بعد حضرت خلیفہ رابع نے بیت مبارک میں جو خطاب فرمایا اس میں آپ نے فرمایا:۔

''دوست دُعاؤں میں اپنے نہایت ہی محبوب اور پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو بھی خاص طور پر یاد رکھیں آپ نے بڑی محبت اور شفقت کے ساتھ ہم سے سلوک فرمایا اور بڑے تحمل اور عفو کے ساتھ ہماری غفلتوں سے پردہ پوشی کی۔ آپ کامل وفا کے ساتھ اپنے رب کے کاموں پر لگے رہے۔ اتنا بوجھ آپ پر ڈالا گیا کہ جب میں دیکھتا تھا تو لرز اٹھتا تھا۔ کہ کیسے انسان میں طاقت ہے کہ وہ اتنا بوجھ اٹھا سکے۔ مسلسل بیماریوں کے باوجود، کمزوری کے باوجود جب بھی حضور کو وقت ملا میں نے دیکھا کہ رات بعض دفعہ دو بجے تک بعض دفعہ صبح تین بجے تک آپ نے لوگوں کے خطوط کے جواب دیئے۔ اور ڈاک کو دیکھا اور ختم کیا۔ مسلسل دعائیں کرتے رہے۔ ایسی راتیں آپ کی زندگی میں آئیں۔ ابتلا کے دنوں میں جبکہ ایک لمحہ کے لئے بھی آپ نہیں سوئے اور ساری رات اپنے رب کو یاد کرتے رہے۔ اس سے رحمت اور فضل مانگتے رہے۔ جہاں تک مجھے واسطہ پڑا میں نے دیکھا آپ بے حد ہمدرد تھے، بے حد شفیق تھے۔ لوگوں کے ذرا سے دکھ سے آپ کو بہت دکھ پہنچتا تھا۔ آپ کا حق ہے، جانے والے کا حق ہے کہ ہم آپ سے کامل وفا اور محبت کا سلوک کرتے ہوئے ہمیشہ آپ کو دعاؤں میں یاد رکھتے رہیں۔'' (الفضل 19 جون 1982ء)

پیدائش

حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث کی پیدائش الٰہی بشارتوں کے مطابق 15 اور 16 نومبر 1909ء کی درمیانی شب قادیان میں ہوئی۔

آپ کی والدہ ماجدہ جو خواتین مبارکہ میں ام ناصر کے نام سے موسوم ہیں، حضرت مسیح موعود کے ایک مخلص رفیق حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب کی بڑی صاحبزادی تھیں۔ ام ناصر کا اصلی نام رشیدہ بیگم تھا۔ حضرت مصلح موعود کے ساتھ شادی کے بعد حضرت اماں جان نے ان کا نام محمودہ بیگم رکھ دیا۔ لیکن حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کی پیدائش کے بعد وہ ام ناصر کے نام سے مشہور ہوئیں۔

آپ کی پیدائش بہت مبارک تھی کیونکہ نافلہ موعود کی پیشگوئی کے اولین مصداق تھے۔ حضرت مسیح موعود کو جس طرح آپ کی اولاد کے بارہ میں بشارات عطا کی گئیں وہیں آپ کو اپنی اولاد کی اولاد کے بارے میں بھی خوشخبریاں عطا کی گئیں۔ چنانچہ آپ کو الہام ہوا کہ:۔

تو ایک دور کی نسل دیکھے گا ہم ایک لڑکے کی تجھے بشارت دیتے ہیں۔ جس کے ساتھ حق کا ظہور ہو گا گویا آسمان سے خدا اترے گا۔ ہم ایک لڑکے کی تجھے بشارت دیتے ہیں جو تیرا پوتا ہو گا۔

(حقیقۃ الوحی روحانی خزائن جلد 22)

اس الہام کے بارے میں حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''چند روز ہوئے تھے یہ الہام ہوا تھا **انا نبشرک بغلام نافلۃ لک** ممکن ہے اس کی یہ تعبیر ہو کہ محمود کے ہاں لڑکا ہو کیونکہ نافلہ پوتے کو بھی کہتے ہیں یا بشارت کسی اور وقت تک موقوف ہو۔''

(تذکرہ بحوالہ الحکم 10 اپریل 1906ء)

حضرت مسیح موعود کے سب سے چھوٹے بیٹے حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کی 1907ء میں جب وفات ہوئی تو اس روز حضور کو الہاماً یہ خبر دی گئی کہ:۔

یعنی ہم تجھے ایک حلیم لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں وہ مبارک احمد کی شبیہ ہو گا۔ اے ساقی عید کا آنا تجھے مبارک ہو۔ (تذکرہ بحوالہ الحکم 31 اکتوبر 1907ء)

اسی طرح 6, 7 نومبر 1907ء کو حضرت مسیح موعود کو الہام ہوا کہ:۔

یعنی میں ایک پاک اور پاکیزہ لڑکے کی خوشخبری دیتا ہوں۔ اے میرے خدا پاک اولاد مجھے بخش۔ میں تجھے ایک لڑکے کی خوشخبری دیتا ہوں جس کا نام یحیٰ ہے۔

یہ تمام الہامات ایک ایسے بیٹے کی پیدائش کی خبر پر مشتمل تھے جو پوتے کے طور پر آپ کو عطا کیا گیا۔ لیکن الہامات میں اسے بیٹا کہا گیا اور پوتے کے لئے بیٹے کا لفظ عام طور پر مستعمل ہے۔ اور ظاہری طور پر ان الہامات کا اطلاق حضرت مرزا ناصر احمد صاحب پر اس طرح ہوا کہ حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد حضرت اماں جان چونکہ تنہائی محسوس کرتی تھیں اس لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب نے اپنے ہاں بیٹے کی پیدائش کے بعد اسے حضرت اماں جان کے حوالے کر دیا اور حضرت اماں جان نے اپنے اس پوتے کو بیٹے کے طور پر پالا اور اپنی آغوش میں اس بیٹے کی پرورش کی۔ اور جب وہ بڑا ہوا تو اس کی شادی کی اور اسے گھر بنا کر دیا۔

حضرت مصلح موعود کو بھی آپ کی پیدائش سے قبل خوشخبری دی گئی جس کا اظہار آپ نے ایک خط میں یوں فرمایا:۔

''مجھے بھی خدا تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ میں تجھے ایک ایسا لڑکا دوں گا جو دین کا ناصر ہو گا اور (-) کی خدمات پر کمربستہ ہو گا۔''

(روزنامہ الفضل۔ 8 اپریل 1915ء)

پس آپ کا وجود ان الہامات کا مصداق وجود تھا اور یہ آپ کی خوش قسمتی تھی کہ بچپن سے ہی حضرت سیدۃ نصرت جہاں بیگم کی مہربان آغوش اور تربیت کا بہترین انداز رکھنے والی عظیم ماں کا سایہ نصیب ہوا۔

ابتدائی تعلیم

حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کی ابتدائی تعلیم کا آغاز قرآن کریم سے ہوا۔ اور 24 فروری 1917ء کو آپ کے ختم قرآن پر آمین کی تقریب ہوئی۔ اس کے بعد آپ نے قرآن کریم حفظ کرنا شروع کیا اور 17 مارچ 1922ء کو بارہ برس کی عمر میں آپ نے قرآن کریم حفظ کر لیا۔

حضرت اماں جان کی آغوش محبت میں پرورش

آپ کی ابتدائی تعلیم سے زیادہ اہمیت یہ بات رکھتی ہے کہ آپ نے حضرت اماں جان کی آغوش محبت میں پرورش پائی۔ حضرت اماں جان کو آپ سے بہت محبت تھی وہ آپ کا بہت خیال رکھتی تھیں۔ کھانے کے اوقات کا، آپ کے آرام کا اور ساتھ ہی تربیت کا پہلو بھی نظر انداز نہ کرتیں۔ حضرت اماں جان آپ کو اپنے چوتھے بیٹے مبارک احمد کا نعم البدل اور اپنا پانچواں بیٹا خیال فرماتی تھیں۔

آپ خود بیان فرماتے ہیں کہ ''مجھے جو ماں ملی (یعنی حضرت اماں جان) جس نے میری تربیت کی ویسی ازواج مطہرات کے بعد ماں کسی کو نہیں ملی...... وہ ایسی تربیت کرتی تھیں کہ دنیا کا کوئی ماہر نفسیات ایسی تربیت نہیں کر سکتا۔''

(روزنامہ الفضل 17 نومبر 1965ء)

حضرت اماں جان کے بے نظیر انداز تربیت نے بچپن سے ہی آپ پر گہرے نقوش چھوڑے۔ چنانچہ حضور اپنے بچپن کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''صبح اٹھتے ہی سلام کرنے کی عادت اماں جان نے ڈالی تھی۔ سکول جانے لگا تو فرمایا کہ سکول سے سیدھے گھر آنا ہے سکول سے آتے ہی سلام کرنا اور ہاتھ منہ دھلوانا آپ کا پہلا کام ہوتا۔ نماز کا وقت ہوتا تو وضو کروا کر نماز کے لئے بھیج دیتیں، کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ ضرور دھلواتیں۔ اونچی آواز سے بسم اللہ پڑھتیں۔ ساتھ ہی میں بھی پڑھتا۔ شام کو عصر کے بعد کھیلنے کے لئے بھیج دیتیں لیکن یہ حکم تھا کہ مغرب کی (نداء) کے ساتھ گھر آ جاؤ اور پھر مغرب کے بعد کہیں بھی جانے کی اجازت نہ ہوتی۔''

(ماہنامہ تشحیذ الاذھان اپریل مئی 1983ء صفحہ 45-44)

حضرت اماں جان کے سایہ عاطفت میں تربیت کا حصول

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو یہ شرف حاصل تھا

کہ آپ کو اپنی عظیم دادی کے گھر میں رہ کر براہ راست تربیت پانے کا موقع ملا اور زندگی بھر آپ کا حضرت اماں جان سے غیر معمولی تعلق رہا۔آپ کی بہن صاحبزادی سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ بیان کرتی ہیں کہ:۔

''میرے بھائی ہمارے گھر سے حضرت اماں جان کے گھر برائے پرورش و تربیت منتقل ہوگئے۔کبھی بچپن میں زیادہ بیمار ہوتے تو امی جان مرحومہ کے پاس بھی بھیج دیئے جاتے ورنہ حضرت اماں جان کے زیر تربیت اور ان کی نگرانی میں رہے۔''

آپ کی دادی جان حضرت اماں جان کو آپ سے بہت محبت تھی اور شروع سے ہی وہ آپ کا بہت خیال رکھتی تھیں۔چنانچہ آپ کی بہن لکھتی ہیں کہ:۔

''حضرت اماں جان حضرت بھائی جان سے بہت محبت کرتی تھیں اور بہت خیال رکھتی تھیں۔کھانے کے اوقات کا ان کے آرام کا اور ساتھ ہی تربیت کے پہلو کو نظر انداز نہ کرتیں۔''

آپ کے ساتھ جتنی گہری محبت آپ کی دادی حضرت اماں جان کو تھی اس کا ذکر کرتے ہوئے آپ کے چچازاد بھائی صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب (ایم ایم احمد) جو آپ کے ہم عصر تھے بیان کرتے ہیں کہ:۔

''بھائی جان جب بھی گھر سے باہر جاتے حضرت اماں جان سے اجازت لے کر جاتے تھے اور جن الفاظ سے حضرت اماں جان اجازت دیتی تھیں وہ میرے کانوں میں اب بھی گونج رہے ہیں۔حضرت اماں جان ہمیشہ یہ دعائیہ الفاظ کہہ کر اجازت دیتی تھیں:۔

جاؤ،اللہ حافظ و ناصر ہو۔

بڑی محبت اور گہرائی سے حضرت اماں جان یہ دعائیہ فقرہ کہتی تھیں۔''

حضرت اماں جان آپ کے کھانے کا خاص خیال کرتی تھیں اور پاس بٹھا کر کھانا کھلاتی تھیں۔مرزا مظفر احمد صاحب جنہیں انہی دنوں میں خود بھی کچھ عرصہ آپ کے ساتھ حضرت اماں جان کے پاس رہنے کی سعادت حاصل ہوئی،بیان فرماتے ہیں کہ:۔

''دن کا کھانا حضرت اماں جان کے ساتھ کئی مرتبہ باورچی خانہ میں چولہے کے پاس بیٹھ کر کھاتے تھے اور کئی مرتبہ حضرت اماں جان خود اپنے ہاتھ سے روٹی پکا کر دیتی تھیں۔رات کا کھانا سردی کے موسم میں حضرت اماں جان کے بڑے دالان میں کھایا جاتا تھا جو ہم سب کے سونے کا کمرہ بھی تھا اور جس میں سے بیت الدعا کو راستہ بھی جاتا تھا کھانا فرش پر چُنا جاتا تھا یا پھر اس کے لئے ایک چوکی بچھتی تھی جس پر چُنا جاتا تھا اور اس کے چاروں طرف کھانے والے بیٹھتے تھے۔گرمیوں کے موسم میں رات کا کھانا صحن کے بالائی حصہ میں ایک تخت پوش کے اوپر کھایا جاتا تھا۔''

حضرت اماں جان نے جس محبت اور چاہت سے آپ کی پرورش کی اس کا آپ کی طبیعت پر اتنا گہرا اثر تھا کہ آپ ساری عمر انہیں ہی اپنی ماں سمجھتے رہے اور اکثر بچپن کے تعلق میں انہی کا ذکر فرماتے اور عملی زندگی میں قدم رکھنے کے بعد بھی روزانہ یا جب بھی کام سے فارغ ہوتے ان کی خدمت میں حاضر ہوجاتے اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہا جب تک حضرت اماں جان زندہ رہیں چنانچہ جب آپ کی شادی حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ سے ہوئی اور آپ قادیان میں اپنی عملی زندگی کا آغاز فرما چکے تھے۔اس زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ فرماتی ہیں کہ:۔

''میں شادی کے بعد حضرت اماں جان کے ساتھ رہی حضرت مرزا ناصر احمد تو قادیان میں اپنی کوٹھی النصرت میں رہتے تھے لیکن قریباً روزانہ ہی اماں جان کے ہاں آیا کرتے تھے جمعہ والے دن تو صبح ہی آجاتے اور ہم سب مل کر کھانا کھاتے اماں جان خاص طور پر کہتیں ''آج میاں ناصر اور منصورہ سارے دن کے لئے آرہے ہیں فلاں فلاں کھانا تیار کرلو فلاں چیز ناصر احمد کو بہت پسند ہے۔''

پاکستان ہجرت کے بعد جب آپ ربوہ منتقل ہوئے تو پھر آپ کا یہ دستور رہا کہ آپ عصر اور مغرب کے درمیان کار پر حضرت اماں جان کو سیر کروانے احمد نگر کے قریب اپنے باغ میں لے جاتے۔

بچپن کے مشاغل

آپ مدرسہ احمدیہ میں باقاعدگی سے جاتے اور اپنی تعلیم حاصل کرتے۔پڑھائی کے ساتھ ساتھ آپ کھیلوں میں بھی باقاعدگی سے حصہ لیتے تھے۔فٹ بال والی بال اور کبڈی وغیرہ کھیلتے۔تیراکی اور گھوڑسواری بھی کرتے تھے۔بچپن میں آپ کو نشانہ بازی کا بھی شوق تھا اور آپ شکار کیلئے بھی جاتے تھے۔

حصول تعلیم

حفظ قرآن اور دینی تعلیم کے حصول تک آپ قادیان میں رہے اس کے بعد پرائیویٹ طالب علم کے طور پر مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔اور پھر پورے مضامین کے ساتھ میٹرک کیا اسی طرح 1930ء تک آپ کا قیام قادیان میں رہا۔

میٹرک پاس کرنے کے بعد آپ نے گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور احمدیہ ہوسٹل میں رہائش رکھی۔ایف اے میں آپ کے مضامین عربی،تاریخ، انگلش اور فلاسفی تھے اور بی اے میں عربی،انگلش اور فلاسفی۔

آپ کی طبیعت میں وقار،شرم و حیاء اور شرافت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ہوسٹل میں آپ نہایت متانت اور وقار کے ساتھ رہتے تھے اور بہت مہمان نواز تھے۔آپ کے عربی کے ایک پروفیسر مولوی کریم بخش صاحب جماعت کے ساتھ تعصب کے باوجود آپ کی شرافت کی تعریف کیا کرتے تھے۔

اس زمانہ حصول تعلیم میں گورنمنٹ کالج لاہور میں قیام کے دوران آپ نے عشرہ کاملہ کے نام سے احمدی طلباء کی ایک تنظیم قائم کی جو حضرت مسیح موعود کے منتخب اقتباس دو ورقہ فولڈر کی شکل میں شائع کرکے لاہور کے مختلف کالجوں میں تقسیم کرواتے تھے اسی طرح احمدی طلباء میں دینی جوش پیدا ہوتا تھا اور حضرت مسیح موعود کا پیغام لوگوں تک پہنچتا تھا۔

انگلستان میں اعلیٰ تعلیم

1934ء تک آپ گورنمنٹ کالج لاہور میں رہے اور وہاں سے آپ نے بی اے کی ڈگری حاصل کی۔اس سال حضرت مصلح موعود نے آپ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے انگلستان بھجوایا۔

شادی اور اولاد

انگلستان روانگی سے قبل آپ کی شادی حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ اور حضرت نواب محمد علی خان صاحب کی صاحبزادی سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ کے ساتھ انجام پائی۔15/اگست 1934ء کو رخصتانہ عمل میں آیا۔8/اگست کو آپ کی دعوت ولیمہ منعقد ہوئی اور ٹھیک ایک ماہ کے بعد آپ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے انگلستان تشریف لے گئے۔انگلستان میں آپ نے دو سال تک تعلیم حاصل کی اور آکسفورڈ یونیورسٹی سے ایم اے آنرز کی ڈگری حاصل کی۔

اس شادی سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مندرجہ ذیل اولاد عطاء فرمائی۔

1۔صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب
پیدائش 17/اپریل 1937ء
2۔صاحبزادی امۃ الشکور صاحبہ
پیدائش 26 اپریل 1940ء
3۔صاحبزادی امۃ الحلیم صاحبہ
پیدائش 29 جنوری 1942ء
4۔صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب
پیدائش 4 مارچ 1951ء
5۔صاحبزادہ مرزا لقمان احمد صاحب
پیدائش 9 نومبر 1953ء

وقف زندگی

آپ ابھی یورپ میں ہی تھے تو آپ نے جرمنی سے حضرت مصلح موعود کو خط لکھ کر اپنی زندگی وقف کردی۔حضور تو پہلے ہی یہی چاہتے اور دعا کرتے تھے کہ آپ اپنی زندگی وقف کردیں لیکن حضور نے باوجود اس شدید خواہش سے آپ سے اس بارہ میں پہلے کچھ نہ کہا تھا اور صرف دعا کرتے تھے کہ خدا تعالیٰ آپ کو اس نیک ارادے کی توفیق دے۔

خدمات سلسلہ

آپ اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے قادیان پہنچے تو حضرت مصلح موعود نے آپ کو جامعہ احمدیہ قادیان کا پرنسپل مقرر فرمایا۔1944ء تک آپ جامعہ میں پڑھاتے رہے۔لیکن جب 1944ء میں تعلیم الاسلام کالج کا اجراء ہوا تو حضور نے آپ کو کالج کا پرنسپل مقرر فرمایا۔1947ء تک یہ کالج قادیان میں رہا اور تقسیم ملک کے بعد اسے لاہور منتقل کردیا گیا اور پھر ربوہ میں آپ نے خود کالج کی عمارت کی تعمیر کروائی اور کالج یہاں منتقل ہوگیا۔اور اس طرح 1965ء تک آپ اس کالج کے پرنسپل رہے۔

مجلس خدام الاحمدیہ کی صدارت

فروری 1939ء تا 1949ء تک آپ صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے وقیع عہدے پر فائز رہے اور پھر 1954ء تک مجلس کے نائب صدر رہے (اس عرصہ میں صدر حضرت مصلح موعود خود تھے) یہ دور بڑا اہم دور تھا اور اس دوران آپ کو ہر قسم کی خدمات بجالانے کا موقع ملا۔مجلس خدام الاحمدیہ کے کاموں کے علاوہ آپ کو ہر قسم کے ہنگامی نوعیت کے کاموں میں شرکت کرنے کا بھی موقعہ ملتا رہا۔الیکشن 1946ء تقسیم ہند کے موقع پر حفاظت مرکز،باؤنڈری کمیشن برائے پنجاب کیلئے دیہاتوں،تحصیلوں اور ضلعوں کی بنیاد پر مسلمانوں کے اعداد و شمار اکٹھے کرنے اور جدوجہد کشمیر اور فرقان بٹالین میں آپ کو اعلیٰ خدمات کی توفیق ملی۔

قید و بند کی صعوبتیں

1953ء کے مارشل لاء میں آپ کو قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنی پڑیں لیکن آپ بڑے حوصلے،ہمت اور مسکراتے ہوئے اس تکلیف سے گزرے۔

صدر مجلس انصار اللہ

1954ء میں حضرت مصلح موعود نے آپ کو صدر مجلس انصار اللہ بنا دیا اور اس عہدہ پر آپ خلیفہ بننے تک فائز رہے۔

صدر صدر انجمن احمدیہ

1955ء میں آپ صدر صدر انجمن احمدیہ کے عہدہ پر فائز ہوئے اور 1965ء تک خدمات بجالاتے رہے۔اس دوران آپ نے ناظر خدمت درویشان کے طور پر بھی کام کرنے کی سعادت پائی۔

1959ء میں آپ کو افسر جلسہ سالانہ مقرر کیا گیا اور حضرت مصلح موعود کی لمبی بیماری کے دوران 1961ء میں جو نگران بورڈ بنایا گیا اس کے بھی آپ ممبر رہے۔

اسی طرح خلافت سے پہلے عملی طور پر آپ کو جماعت کے ہر شعبہ کے ساتھ وابستہ رہ کر اسے قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا۔

☆......☆......☆

مکرم راشد اسلم صاحب

خلافت سلسلہ۔ایک عظیم نعمت

حضرت مسیح موعود اپنے بعد خلافت کی بشارت دیتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

’’سواے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے۔ سواب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دے اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی۔ غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے۔ جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا اور دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں۔ لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا۔ جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔ سوضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے۔ وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھلائے گا جس کا اس سے وعدہ فرمایا ہے اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے۔ پرضرور ہے کہ دنیا قائم رہے جب تک وہ باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔ سو تم خدا کی قدرت ثانی کے انتظار میں اکٹھے ہو کر دعا کرتے رہو کہ ہر ایک صالحین کی جماعت ہر ایک ملک میں اکٹھے ہو کر دعا میں لگے رہیں تا دوسری قدرت آسمان سے نازل ہو اور تمہیں دکھا دے کہ تمہارا خدا ایسا قادر خدا ہے اپنی موت کو قریب سمجھو۔ تم نہیں جانتے کہ کس وقت وہ گھڑی آجائے گی۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص306,305)

جب حضرت مسیح موعود کی وفات ہوئی تو غیروں میں ایک خوشی کی لہر پیدا ہوگئی اور انہوں نے سمجھا کہ یہ شخص چالاک تھا جس کی وجہ سے یہ سلسلہ ترقی کرتا جارہا تھا۔ کیونکہ اب اس کی وفات ہوگئی ہے۔ اب یہ سلسلہ منقطع ہوجائے گا۔

دوسری طرف جماعت کے احباب میں ایک خوف کی حالت پیدا ہوچکی تھی لیکن خدا تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق حضرت مولوی حکیم نورالدین خلیفۃ المسیح الاول بنے اور جو خوف کی حالت تھی وہ امن میں تبدیل ہوگئی اور جنہوں نے خلافت احمدیہ سے روگردانی کی ان کا حال بھی ہمارے سامنے ہے۔

دین کی ترقی خلافت سے وابستہ ہے۔ اجتماعیت کا سب سے بڑا ذریعہ خلافت ہے۔ خلافت ایک عظیم طاقت ہے۔ خلافت میں لازوال رعب ہے۔ خلافت کی موجودگی میں قوم کی قربانیوں کے راستے متعین ہوتے ہیں۔ خلیفہ وقت بتاتے ہیں کہ اب حالات زمانہ کے تحت ان ان امور پر زیادہ زور دینے کی ضرورت ہے۔ خلیفہ وقت کا مضبوط تعلق اپنے خدا سے ہوتا ہے۔ افراد جماعت بھی دعاؤں کی قبولیت کے ذریعے اس تعلق سے حصہ پاتے ہیں۔ خلیفہ وقت ایک ذہین وفہیم اعلیٰ درجے کا متقی اور بنی نوع انسان کا ہمدرد انسان ہوتا ہے۔ دنیا کے تمام احمدیوں سے ان کا رابطہ ہوتا ہے۔ اس لئے حالات حاضرہ اور ضروری امور پر خلیفہ وقت کی گہری نظر ہوتی ہے اور جب زمانہ کے ستائے ہوئے افراد اپنے اپنے حالات خلیفہ وقت کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ تو خلیفہ وقت ان کی مناسب رہنمائی کرتے ہیں۔ اس طرح بہت سے مایوس افراد نئی زندگی سے ہمکنار ہوتے ہیں۔

خلافت کی برکات کی وجہ سے غیر بھی اس بات کا ثبوت دیتے ہیں کہ جماعت کا خلیفہ ان کے لئے بہت درد رکھتا ہے۔ مثلاً کینیڈا کے ایک پروفیسر ڈاکٹر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے ملنے آئے۔ مولانا عطاء المجیب راشد صاحب کہتے ہیں کہ مجھے بھی ان کے ساتھ ملنے کا موقع ملا اور میں نے حضور انور کی ذات کے بارہ میں چند باتیں بطور تعارف اپنے انداز میں ذکر کیں۔ بعد ازاں وہ حضور سے ملاقات کرنے چلے گئے۔ واپس آئے تو انہوں نے اظہار کیا کہ ملاقات کے لئے جاتے وقت میں یہ تاثر لے کر گیا تھا کہ احباب جماعت اپنے خلیفہ سے بہت محبت کرتے ہیں۔ وہاں جو باتیں ہوئیں ان کے بعد میں یہ کہوں گا کہ احباب جماعت کی اپنے خلیفہ سے محبت اپنی جگہ لیکن میں اس یقین سے واپس لوٹا ہوں کہ جماعت کا خلیفہ اپنی جماعت کے افراد سے ان سے بھی زیادہ محبت رکھتا ہے۔ کیا سچی اور برحق بات اس پروفیسر نے کہی۔ ماں سے زیادہ محبت کرنے والا دن رات ان کو دعاؤں پر دعائیں دینے والا ان کے غم میں گھلنے والا۔ ان کی خوشیوں میں پوری طرح شامل وجود کسی نے دیکھنا ہو تو خلیفہ وقت کے وجود میں نظر آتا ہے۔ عالم احمدیت سے باہر یہ نعمت آج کسی اور کو نصیب نہیں۔

جل رہا ہے ایک عالم دھوپ میں بے سائباں
شکر مولیٰ کہ ہمیں یہ سایہ رحمت ملا

حضرت خلیفۃ المسیح الاول اپنے منصب خلافت پر جب متمکن ہوئے تو آپ نے اپنے پہلے جلسے میں اپنی کیفیت کا ان الفاظ میں ذکر فرمایا:۔

’’چاہو تو یہ سمجھ لو کہ خدا کا فضل یہ کہ ایک ایسا انسان تمہارا امام بنایا جو تڑپ تڑپ کے تمہارے لئے دعائیں کرتا ہے‘‘۔

(البدر 7 جنوری 1909ء ص9 کالم 2)

حضرت مصلح موعود ہمیں نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

’’تم خدا تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرو اور ہمیشہ اپنے آپ کو خلافت سے وابستہ رکھو۔ اگر تم ایسا کرو گے تو خلافت تم میں ہمیشہ رہے گی‘‘۔

(مشعل راہ جلد اول ص664)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 6/اپریل 2007ء میں فرمایا:

’’دعاؤں کے ذریعے سے میری مدد کریں اور میں ہر وقت آپ کے لئے دعا گو رہوں کیونکہ جماعت اور خلافت لازم وملزوم ہیں۔ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی ذمہ داریاں اس طرح ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے جس طرح وہ چاہتا ہے۔ جب سب مل کر خلافت احمدیہ اور خلیفہ وقت کے لئے دعا کر رہے ہوں گے تو یہ اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کو کھینچنے والی ہوگی۔ کیونکہ امام اور جماعت کی دعائیں ایک سمت میں چل رہی ہوں گی‘‘۔

(الفضل 22 مئی 2007ء)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’یقیناً سمجھو کہ یہ خدا کے ہاتھ کا لگایا ہوا پودا ہے۔ خدا اس کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔ وہ راضی نہیں ہوگا جب تک اس کو کمال تک نہ پہنچا دے۔ اور وہ اس کی آبپاشی کرے گا اور اس کے گرد احاطہ بنائے گا۔ اور تعجب انگیز ترقیات دے گا۔ کیا تم نے کچھ کم زور لگایا۔ پس اگر یہ انسان کا کام ہوتا تو کبھی کا یہ درخت کاٹا جاتا۔ اور اس کا نام ونشان باقی نہ رہتا‘‘۔

(انجام آتھم۔ روحانی خزائن جلد 11 ص64)

اللہ تعالیٰ ہمیں خلافت جیسی نعمت سے کبھی محروم نہ کرے۔ آمین

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

سگریٹ نوشی کے ذریعہ ہونے والی بیماریاں

دل کے دورے اور سگریٹ نوشی کا بڑا قریبی تعلق ہے کیونکہ تمباکو نوشی انجائنا اور دل کے دورے کے اہم اسباب میں سے ایک ہے۔ لیکن بدقسمتی سے بات یہاں ختم نہیں ہوتی۔ کیونکہ سگریٹ نوشی تقریباً پچیس ایسی بیماریوں کا سبب ہے جن سے زندگی کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ لیکن ان میں سے اکثر بیماریاں ایسی ہیں۔ جن سے سگریٹ نوشی ترک کر کے بچا جاسکتا ہے یا ان کی شدت کم کی جاسکتی ہے۔

دور حاضر میں بھی امراض قلب اور سرطان جیسی بیماریاں ترقی پذیر ممالک میں بڑھتی ہوئی اموات کا بنیادی سبب ہیں۔ یہاں تک کہ متوقع عمر میں اضافے کے باوجود بھی پیچیدہ بیماریوں سے ہونے والی اموات میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ لہٰذا سگریٹ نوشی کے باعث ہونے والی بیماریوں میں کمی سگریٹ نوشی کے خلاف مربوط اور منظّم کوششوں کے ذریعے ہی کی جاسکتی ہے۔

سگریٹ نوشی سے پھیپھڑوں کی سنگین بیماریاں ہوسکتی ہیں اور طویل عرصے تک زیادہ تمباکو نوشی سے سردیوں میں بار بار کھانسی اور بلغم کی صورت ہوسکتی ہے۔ جسے طبی زبان میں CHRONIC BRONCHITIS (برونکائٹس) کہتے ہیں۔ جبکہ کئی سال تک کرونک برونکائٹس کے نتیجے میں پھیپھڑوں کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جس کا نتیجہ سانس لینے میں دشواری اور عمومی کمزوری کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ پھر سگریٹ نوشی سے پھیپھڑوں کا کینسر بھی ہوسکتا ہے۔ جو انتہائی خطرناک اور جان لیوا مرض ہے۔ کچھ عرصہ قبل تک مغربی ممالک میں پھیپھڑوں کے کینسر کے مریض زیادہ تر مرد ہوا کرتے تھے۔ لیکن اب عورتوں میں اس مرض کی شرح میں پہلے سے زیادہ اضافہ ہو رہا ہے اور اس کی وجہ عورتوں میں سگریٹ نوشی کا بڑھتا ہوا رجحان ہے اور اندیشہ ہے کہ بچوں، نوجوانوں اور خواتین میں سگریٹ نوشی کے بڑھتے ہوئے رجحان کے باعث ایسی صورت حال ہمارے ملک میں بھی پیدا نہ ہوجائے سگریٹ نوشی خون کی ان رگوں کو بھی تنگ کرتی ہے جو ٹانگوں کو خون فراہم کرتی ہیں۔ یہ اس اعتبار سے خطرناک ہے کہ اس کے نتیجے میں جسم کے زیریں حصوں کو خون کی فراہمی کم ہوسکتی ہے اور ٹانگوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ عام طور پر اس بیماری کا اثر نوجوانوں پر زیادہ ہوتا ہے۔ سگریٹ نوشی سے فالج کے امکان میں بھی اضافہ ہوتا ہے لہٰذا ان حقائق کے ساتھ یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے کہ وہ لوگ جو سگریٹ نوشی ترک کر دیتے ہیں، ان بیماریوں کے خطرات کو کم کر لیتے ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ ہم خود بھی سگریٹ نوشی سے پرہیز کریں اور اپنے دوستوں اور عزیز واقارب اور بچوں کو بھی سگریٹ نوشی کے مضر اثرات کے بارے میں بتائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حفظان صحت کے اصولوں پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین

روزانہ رات کو سونے سے پہلے اور صبح ناشتے کے بعد دانت ضرور صاف کریں۔

ماخوذ

عراق 2003ء تا 2008ء
تباہی اور بربادی کی داستان

2003ء۔امریکی حملہ

17 مارچ: امریکی صدر بش نے عراقی صدر صدام حسین کو 48 گھنٹے کا الٹی میٹم دیا کہ وہ اقتدار سے علیحدہ ہو جائیں۔

20 مارچ: امریکی قیادت میں عالمی جنگجو اتحاد نے عراق پر حملہ کر دیا۔

یکم مئی: ایک جہاز پر ’’مشن مکمل ہو گیا‘‘ کا بینر لہرا کر امریکی صدر بش نے اعلان کیا کہ عراق میں بڑے آپریشنز مکمل کر لئے گئے ہیں۔

13 جولائی: امریکہ کی گورننگ کونسل اور عراقی نمائندگان نے اپنے فرائض سنبھال لئے۔

13 دسمبر: صدام حسین تکریت میں قائم ایک ہائیڈ آؤٹ سے گرفتار ہوئے۔

2004ء۔مزاحمت میں اضافہ

اپریل: ابو غریب جیل میں عراقی قیدیوں پر بدترین امریکی مظالم کی تصاویر جاری ہوئیں۔امریکی فوجی قیدیوں پر انتہائی شرمناک اور انسانیت سوز تشدد کرتے رہے۔

31 مارچ: عراقی شہر فلوجہ میں امریکی کمپنیوں کے پانچ اہلکار اغواء کے بعد قتل کر دیئے گئے۔ان کی لاشیں ایک پل پر لٹکا دی گئیں۔ردعمل کے طور پر امریکی فوج نے شہر پر ہلہ بول دیا۔نتیجتاً عراقی مزاحمت کاروں اور امریکی فوج کے درمیان طویل جھڑپیں شروع ہو گئیں۔

28 جون: امریکی اتھارٹی نے ملک کی زمام کار باقاعدہ طور پر عبوری عراقی حکومت کے حوالے کر دی۔

ستمبر: سرکاری اعداد و شمار کے مطابق عراق میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی تعداد 1000 تک پہنچ گئی۔

6 اکتوبر: عراق میں نیوکلیائی اسلحے کی تلاش کرنے والے اعلیٰ امریکی حکام نے اعتراف کر لیا کہ انہیں کوئی چیز بھی نہیں مل سکی۔یاد رہے کہ امریکی صدر جارج بش نے عراق پر حملہ کرنے کا سب سے بڑا سبب یہ بتایا تھا کہ صدام حسین نے ملک میں وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار تیار کئے ہیں۔

نومبر: امریکی حملے کے بعد سے اب تک، امریکی فوج کے لئے سب سے خونی مہینہ۔اس پورے مہینے میں مجموعی طور پر 137 امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔

2005ء۔انتخابات

30 جنوری: عراقیوں نے 275 نشستوں پر مشتمل قومی اسمبلی منتخب کر لی۔صدر صدام حسین کے بعد یہ پہلے قومی پارلیمانی انتخابات تھے۔انتخابی نتائج کے مطابق شیعہ اتحاد نے 48 فیصد سیٹیں جیت لیں۔کرد اتحاد کو 26 فیصد نشستیں ملیں جبکہ سنیوں نے انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا۔

6 اپریل: قومی اسمبلی نے جلال طالبانی کو عراق کا صدر منتخب کر لیا۔

31 اگست: پل گرنے سے کم از کم 1000 شیعہ زائرین ہلاک ہو گئے۔سرکاری ذرائع نے شبہ ظاہر کیا کہ یہ خودکش حملے کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔

15 اکتوبر: ایک ریفرنڈم کے ذریعے عراقی عوام نے ملک کے لئے نئے آئین کی منظوری دے دی۔شیعہ اور کرد آئین کے حق میں جبکہ سنی مخالف تھے۔سنی رہنماؤں نے اعلان کیا کہ وہ اگلی پارلیمنٹ میں پہنچ کر آئین میں ترمیم کریں گے۔

اکتوبر: عراق میں امریکی فوجیوں کی ہلاکتوں کی تعداد 2000 تک پہنچ گئی۔

15 دسمبر: عراقیوں نے ایک نئی پارلیمنٹ کا انتخاب کیا جس میں شیعہ بلاک کو عظیم اکثریت حاصل ہو گئی۔

2006ء۔بڑھتا ہوا تشدد

22 فروری: سمارا میں امام حسن عسکری کے مزار میں بم دھماکے ہوئے جس کے نتیجے میں مزار کے گنبد کو بھی نقصان پہنچا۔اس کے نتیجے میں عراق کے متعدد علاقوں میں فرقہ وارانہ فسادات کا آغاز ہو گیا اور خدشات ظاہر کئے جانے لگے کہ ملک میں خانہ جنگی شروع ہو سکتی ہے۔

8 جون: بعقوبہ میں ایک امریکی فضائی حملے کے نتیجے میں القاعدہ کے رہنما ابو مصعب الزرقاوی اور ان کے ساتھی شیخ عبدالرحمٰن ہلاک ہو گئے۔امریکی صدر بش نے اسے ’’دہشت گردی کے خلاف جنگ‘‘ میں ایک بہت بڑی کامیابی قرار دیا۔

5 نومبر: عراقی عدالت نے صدر صدام حسین کو سزائے موت سزا سنا دی۔

6 دسمبر: عراقی سٹڈی گروپ نے عراق کے بارے میں امریکی حکمت عملی میں تبدیلی کی ضرورت پر زور دیا۔گروپ کی رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی فوج اپنا کردار مرحلہ وار عراقی فوج کے سپرد کرے۔

30 دسمبر: صدام حسین کو پھانسی دے دی گئی۔

31 دسمبر: عراق میں امریکی فوجیوں کی ہلاکتوں کی تعداد 3000 تک پہنچ گئی۔

2007ء۔فوج کی تشکیل

10 جنوری: امریکی صدر بش نے مزید 20 ہزار فوجی عراق بھیجنے کا اعلان کیا۔

16 جنوری: اقوام متحدہ نے ایک رپورٹ جاری کی کہ 2006ء میں 34 ہزار 452 عام عراقی شہری ہلاک ہوئے۔یہ تعداد سرکاری طور پر بتائی جانے والی ہلاکتوں سے تین گنا زیادہ ہے۔

24 جون: صدام حسین کے کزن کیمیکل علی کو دو ساتھیوں سمیت پھانسی کی سزا سنا دی گئی۔ان پر 80 کی دہائی میں کردوں کو ہلاک کرنے کا الزام ہے۔

